سوال

(787)چند لفظ ہیں جن کا معنی دریافت کرنا ہے   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مولانا صاحب چند لفظ ہیں جن کا معنی دریافت کرنا ہے ۔ لفظ یہ ہیں (۱) أَعُوذُبِکَ رَبِّ اَن یَّحْضُرُونِ وَاَبْنِیَا وَاَشْرَاہِیَاا حَافِظِیَ (۲) یا رَحِیمُ یاکَرِیمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اعراب اسی طرح ہے اور (۳) یا بُدُوحُ (۴) فَوجَکَ شِیرَازَةٌ اوران کی حقیقت واضح کریں اوران کا پڑھنا ثواب ہے کہ گناہ ہے حدیث وقرآن سے واضح کریں اور مولانا صاحب ان کے اعراب بالکل اسی طرح ہیں ۔
قاری محمد یعقوب گجراتی 30 نومبر 1997

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

:(۱) أَعُوذُبِکَ رَبِّ اَن یَّحْضُرُونِ اور میں پناہ مانگتا ہوں تیرے ساتھ اے میرے رب کہ وہ (شیطان) میرے پاس حاضر ہوں ۔ وَاَبْنِیَا وَاَشْرَاہِیَا اگر لفظ صحیح لکھے گئے ہیں تو ان کا معنی مجھے معلوم نہیں ۔ ا حَافِظِیَ اللہ میری حفاظت کرنے والا ہے ۔ پھر اعوذبک میں اللہ کو مخاطب بنایا گیا ہے اور اللہ حافظی میں غائب بنایا گیا ہے ۔

(۲) صحیح اعراب اس طرح ہے یَا رَحِیمُ یَاکَرِیمُ جَلَّ جَلَالُہٗ مگر اس میں بھی یا رحیم یا کریم خطاب ہے اور جل جلالہ غائب ہے ۔

(۳) قاموس والے نے اس مادہ کے جو الفاظ ومعانی لکھے ہیں ان کے اعتبار سے اس کے مندرجہ ذیل معانی ہوسکتے ہیں ۔

(i) بہت شق وچاک کرنے والا (ii) زیادہ واضح (iii) بہت ہی زیادہ کھلا اور وسیع ۔

(۴) فَوجَکَ شِیرَازَةٌ معلوم ہوتا ہے کہ یہ لفظ دراصل ''فوج کا شیرازہ'' تھا صاحب قاموس نے اس کا ذکر ہی نہیں کیا اور نہ ہی مجھے اللہ تعالیٰ کے ناموں میں کہیں ملا ہے ۔ اس میں صرف لفظ فوج عربی ہے باقی لفظ ''کا'' اور لفظ ''شیرازہ'' عربی نہیں ۔ یہ کسی شَرْبَت کو شُرْبَت پڑھنے والے کا کارنامہ ہے ۔ واللہ اعلم ۲۱/۸/۱۴۱۹ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد01ص503

محدث فتویٰ